काजल

کاجل

اداکاران
مینا کماری
راجکمار

قیمت چھ نئے پیسے

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

گانے

کاجل فلم کے

گانا نمبر ۱

میری زندگی کا سہارا نہیں ہے
کوئی اس جہاں میں ہمارا نہیں ہے
بہت دور رہ کر کیا صبر میں نے
مگر یہ بھی اس کو گوارا نہ ہوا
کب سے پھنسی ہوں طوفاں میں لیکن
ملتا اب تک کوئی
کنارا نہیں ہے
غیروں کی نفرت سے الفت ہے لیکن
میرا پیار بھی اس کو پیارا نہیں ہے
غفلت میں نکلا تیرا نام لب سے
تجھے ہوش میں آ پکارا نہیں ہے
بھٹکتی ہوں میں کب سے تاریکیوں میں
مگر کوئی چمکا ستارا نہیں ہے

گانا نمبر ۲:۔ لٹ کے جب رہے ہیں
تیرے جہاں سے کارواں اپنا
اُجڑ کر رہ گیا

آج یہ گلستاں اپنا
بھڑک اٹھی تھی آگ جو
محبت کی دل میں
اسی میں جل کر رہ گیا
ہے آشیاں اپنا
بھول کر جو آ پہنچے کبھی گلشن میں ہم
نہ گل ہی ہوئے اپنے
نہ ہوا باغباں اپنا
چلے جائیں گے تیری دنیا سے دور بہت دور ہم
بنائیں گے مایوس اب
اور کہیں جہاں اپنا
سن ہی نہ سکے جب تم ہی میری داستانِ غم
اب اور کس کو سنائیں صنم داستاں اپنی
گانا نمبر ۱۳۔ سر تیرے در پہ جھکاتے تو مزا آتا
اپنی قسمت کو بناتے تو مزا آتا
پہلے دنیا نے کئی بار مٹایا ہمکو
ہم خود دنیا کو مٹاتے تو مزا آتا
میری ہستی کو مٹاتے تو مزا آتا
غیروں کے ہاتھوں سے جلوایا نشیمن میرا
اپنے ہاتھوں سے جلاتے تو مزا آتا
میری تصویر کو سینے سے لگا رکھا ہے

مجھ کو سینے سے لگا نے تو میرا آشنا

گانا نمبر۴:۔ تجھے کیا بتاؤں اے بیوفا
کیا میرے دل کا حال ہے
کہ قسم خدا کی تیرے بنا
مجھے زندگی بھی محال ہے
مجھے چھوڑ کر تو چلا گیا
میرا دل بھی توڑ چلا گیا
میری ہر خوشی تیرے ساتھ تھی
میری زندگی تیرے ساتھ تھی
اب جینے کا میرا آسرا
دن رات تیرا خیال ہے
میری لاش دفن کے وقت تم
اک بار چھونا کفن کو تم
ٹھکرا نہ دینا کہیں صنم
میرا آخری یہ سوال ہے

گانا نمبر۵:۔ نظر کی حسین چلے گئے
تم کیا گئے کہ سارے
سہارے چلے گئے
پھنس کر بھنور میں ڈوبنے
والے کی بے لبسی
ڈوبا سفینہ دور کنارے چلے گئے

تم تھے کہ تم نے پھر کے
کبھی نہ دیکھا اِدھر

ہم تھے کہ بار بار
پُکارے چلے گئے
میری طرح نہ ہو کوئی
بے آسرا کبھی
جس کے جہاں ہیں
سارے تمہارے چلے گئے

گانا نمبر ۱۶۔
تم پہ قربان کیوں نہ ہو جائیں
دِل یہ ویران کیوں نہ ہو جائے
اُس کی بے رحمی کا کیا کہنا
ہم پریشان کیوں نہ ہو جائیں
غیر سے ملتے تم کو دیکھا
ہم بھی دربان کیوں نہ ہو جائیں
یا خُدا اک خطرہ ہے
لہریں طوفان کیوں نہ ہو جائیں

ختم شُد

آسان اردو انگلش ٹیچر

زمانہ حال میں انگریزی بھی ایک بہت ضروری زبان ہے۔ اگر آپ یہ زبان جانتے ہیں تو آپ کہیں بھی چلے جائیں آپکی ہر جگہ قدر ہوگی۔ اس زبان کو جو نہیں جانتا اُسکو کافی پریشانی اُٹھانی پڑتی ہے۔ اگر آپ اس پریشانی سے نجات پانا چاہتے ہیں۔ اور انگریزی سیکھنے کا شوق رکھتے ہیں تو آج ہی ہمارے ہاں سے نایاب کتاب اردو انگلش ٹیچر منگائیں۔ اِس کتاب کی مدد سے ہر شخص بغیر اُستاد کی مدد کے انگریزی میں بات چیت کر سکتا ہے۔

قیمت صرف -۱-۱۲ محصول ڈاک معاف

اُردو ہندی ٹیچر

آجکل اردو اور انگریزی کے ساتھ زندگی کی ضرورتوں میں ہندی کی ضرورت بھی ہے۔ اِس لئے آپ ہمارے ہاں سے ہندی سکھلانے والی کتاب منگائیں۔ اِس کتاب کی مدد سے بھی بغیر اُستاد کے ہر مرد و عورت بڑی آسانی سے گھر بیٹھے ہندی پڑھنا سیکھ سکتا ہے۔

قیمت صرف /-۸/۱ محصول ڈاک معاف

ملنے کا پتہ

زنن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی